عمرے کے طواف میں اضطباع نہیں کیا تو کیا حکم ہے؟

مجیب: مولانا محمد نوید چشتی عطاری

فتوی نمبر: WAT-2811

تاریخ اجراء: 07ذوالحجۃالحرام1445ھ /14جون2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

اگر کسی نے عمرے کے طواف کے دوران سیدھا کندھا کھول کر طواف نہیں کیا، تو کیا اس طواف کو دوبارہ ادا کرنا ہو گا؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

جس طواف کے بعد سعی ہو، اس طواف میں رمل سنت ہے اور اگر وہ طواف حالتِ احرام میں کیا جائے، تو "اضطباع" یعنی دائیں کندھے کو کھلا رکھنا بھی سنت ہے، ورنہ نہیں، اس کے مطابق عمرے کے طواف میں اضطباع کیا جائے گا، البتہ اگر کسی نے اضطباع نہیں کیا، تو بھی اس کا طواف ادا ہو جائے گا، ہاں! سنت کی خلاف ورزی لازم آئے گی۔

لباب وشرح لباب میں ہے"(وهو) أي الاضطباع (سنة في كل طواف بعده سعي) كطواف القدوم والعمرة وطواف الزيارة على تقدير تأخير السعي، وبفرض أنه لم يكن لابساً فلا ينافي ماقال في «البحر» من أنه لا يسن في طواف الزيارة، لأنه قد تحلل من إحرامه ولبس المخيط، والاضطباع في حال بقاء الإحرام" ترجمہ: اضطباع ہر اس طواف میں سنت ہے جس کے بعد سعی ہو جیسا کہ طواف قدوم، طواف عمرہ اور طواف زیارت جبکہ طواف زیارت کے بعد سعی ہو اور سلے ہوئے کپڑے نہ پہنے ہوں، اور یہ اس کے منافی نہیں جو بحر میں کہا گیا ہے کہ اضطباع طوافِ زیارت میں مسنون نہیں کیونکہ اس صورت میں وہ احرام سے نکل کر سلے ہوئے کپڑے پہن چکا جبکہ اضطباع احرام کی حالت میں ہوتا ہے۔(لباب و شرح لباب، باب دخول مکۃ، ص183، المکتبۃ الامدادیۃ، السعودیۃ)

بنایہ شرح ہدایہ میں ہے"الاضطباع سنة۔۔۔ ولو ترك الاضطباع والرمل لا شيء عليه عند الجمهور، وعليه الإجماع" ترجمہ: اضطباع سنت ہے، اگر کسی نے اضطباع و رمل دونوں ترک کر دئے تو جمہور کے

نزدیک اس پر کچھ بھی لازم نہیں ہو گا اور اس پر اجماع ہے۔ (بنایہ شرح ہدایہ، کتاب الحج، ج4، ص195، دار الکتب العلمیۃ، بیروت)

رفیق الحرمین میں ہے "سوال: جس طواف میں اضطباع اور رمل کرنا تھا، اس میں نہ کیا تو کیا کفارہ ہے؟

جواب: کوئی کفارہ نہیں، البتہ عظیم سنت سے محرومی ضرور ہے۔ (رفیق الحرمین، ص281، مکتبۃ المدینہ)

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net